Paragraph # 1

An Irish novelist Colm Toibin once recounted a story about (1
observing a Cantonese man sitting on a Kowloon footpath reading a book. The man's face was stern with concentration, and his finger tracing the line being read. At times the man's expression would be disturbed in frustration at his progress. Finally, the reader looked up at the sky, while his face was beaming. It does'nt matter whether it was because of a sudden joy with the act of reading, or revelation from what was written, or delight at how the story resolved. The point is that he was in possession of something deliciously private – a connection between him and the writer, between the real world and the world described upon the pages.

> Have you ever experienced the same feelings while reading a book?

1

آئرلینڈ کے ایک ناول نگار کوم ٹائبن نے ایک مرتبہ کینٹونیز کے ایک آدمی سے متعلق ایک کہانی سنائی جو کولون کے فٹ پاتھ پر بیٹھا ایک کتاب پڑھ رہا تھا۔ مطالعے میں غرق ہونے کی وجہ سے اس آدمی کا چہرہ سخت تھا، اور اس کی انگلی زیرِ مطالعہ سطر پر چل رہی تھی۔ کبھی کبھار، آگے بڑھنے پر پریشانی سے، آدمی کے چہرے کے تاثرات پراگندا ہو جاتے۔ آخرکار، قاری نے اوپر آسمان کی طرف دیکھا، جب کہ اس کا چہرہ دمک رہا تھا۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا آیا کہ یہ مطالعہ کے عمل سے حاصل ہونے والی خوشی کی وجہ سے تھا یا جو لکھا ہوا تھا اس میں کسی کشف کی وجہ سے تھا یا کہانی کے اختتام سے حاصل ہونے والی خوشی کی وجہ سے تھا۔ اہم بات یہ ہے کہ وہ کسی نہایت اہم پُر لطف بات کے زیرِ اثر تھا جو اس کے اور مصنف کے درمیان، ایک حقیقی دنیا اور صفحات پر بیان شدہ دنیا کے درمیان ایک رابطہ تھی۔

Paragraph # 2

There is a frequently asked question; What would the world be like without books? The very question is absurd and depressing. It is always said that the latest technology signals the demise of the book. Decades ago, it was thought that the radio would replace books. This fear has persisted throughout with the inventions of television and Internet. But scenes like that of Cantonese man reading the book negate the notion that modern advances pose a threat to reading. Books are themselves a form of technology that is spread over the pages and makes us delve into the complexities of life.

> Can modern technology take the place of books?

2

یہ سوال اکثر پوچھا جاتا ہے۔ کتابوں کے بغیر دنیا کیسی ہوگی؟ یہ سوال لایعنی اور افسردہ کر دینے والا ہے۔ یہ ہمیشہ کہا جاتا ہے کہ جدید ٹیکنالوجی کتابوں کے خاتمے کا اشارہ دیتی ہے۔ کئی دہائیاں پہلے، یہ سمجھا جاتا تھا کہ ریڈیو کتابوں کی جگہ لے لے گا۔ ٹیلی ویژن اور انٹرنیٹ کی ایجاد کے ساتھ یہ خوف قائم رہا ہے۔ لیکن کینٹونیز کے ایک شہری کے کتاب پڑھنے جیسے مناظر اس خیال کو مسترد کرتے ہیں کہ جدید ترقیاں مطالعہ کے لئے ایک خطرہ ہیں۔ کتابیں بذاتِ خود ٹیکنالوجی کی ایک شکل ہیں جو کہ صفحات پر پھیلی ہوتی ہیں اور ہمیں زندگی کی پیچیدگیوں کی چھان بین کرنے پر آمادہ کرتی ہے۔

Paragraph # 3

Literature is the story of humans. It is the record of who we are, where we come from and where we are going. Books make us travel at large. During our journey, we are connected with humanity. We identify ourselves with the characters we meet and learn whether we love, loathe, fear or flatter. They help us comprehend our faults and aspirations. They tell us who could we become if we are not careful. Reading provides the deepest connection to the morals that make us human, and part of a larger society. (3)

3

ادب انسانوں کی کہانی ہے۔ یہ اس بات کی علامت (قلمبند معلومات) ہے کہ ہم کون ہیں، کہاں سے آئے ہیں اور کہاں جا رہے ہیں۔
کتابیں ہمیں آزادانہ محوِ سفر رکھتی ہیں۔ اپنے سفر کے دوران ہم انسانیت سے رابطے میں رہتے ہیں۔ ہم ان کرداروں سے خود کو پہچانواتے ہیں جن سے ہم ملتے ہیں اور ہمیں پتہ چلتا ہے کہ ہم، محبت، نفرت، خوف یا خوشامد کرتے ہیں۔ وہ ہمیں ہماری خامیوں اور خواہشات کو سمجھنے میں مدد دیتے ہیں۔ وہ ہمیں بتاتے ہیں ہمارا کیا بنے گا اگر ہم محتاط نہیں ہوتے۔ مطالعہ اُن اخلاقیات سے ہمارا گہرا تعلق جوڑتا ہے جو ہمیں انسان اور ایک بڑے معاشرے کا حصہ بناتے ہیں۔

Paragraph # 4

(4) Books are a source of comfort for us. They are a safe shelter. Throughout human history man has found peace in the written works. Books are bridges – through their pages we make our contact with society. Those who read more are better prepared to face the world than those who don't read.

4

کتابیں ہمارے لئے راحت کا ایک ذریعہ ہیں۔ وہ ایک محفوظ پناہ گاہ ہیں۔ پوری انسانی تاریخ میں انسان نے سکون صرف تحریر کئے ہوئے کاموں میں ہی پایا ہے۔ کتابیں وہ پُل ہیں جن کے اوراق کے ذریعے ہم معاشرے سے قائم رہتے ہیں۔ وہ جو زیادہ مطالعہ کرتے ہیں ان لوگوں کی نسبت دنیا کا سامنا زیادہ بہتر طریقے سے کرتے ہیں جو مطالعہ نہیں کرتے۔

Paragraph # 5

(5) Though reading a book connects us with humanity, it is also the last truly private act in a world that has become too public. As a nourishment for the mind, it is slow food in a world given over to fast food. Blogs, text messages and e-books, bring relevance and instant gratification, much as newspapers and magazines do. But however important such forms are, they endure only as long as the stuff they are printed on. The comforts of books defy time, and break borders.

> Why does the author use the terms "fast food" and "slow food"?

Books offer other types of pleasures as well. The joy of their touch, sound and fragrance is immeasurable. The pleasure of their understanding is an addition to it. The sharing of a book with friends is still another form of joy. Libraries are the evidence of grandeur of a civilisation.

5

اگرچہ کتاب بینی ہمیں انسانیت سے منسلک کرتی ہے، یہ ایک ایسا ذاتی عمل بھی ہے جو بہت زیادہ عوامی بن چکا ہے۔ ذہنی نشو نما کے طور پر دنیا میں ذہنی نشو نما کرنے والی غذائیت سے بھرپور شے کی حیثیت سے یہ دنیا میں دیر سے پکنے والا کھانا ہے جسے فاسٹ فوڈ کے طور پر لیا جاتا ہے۔ ذاتی

تبصرے، تحریری پیغامات اور ای۔میلز کافی حد تک اخبارات اور رسالوں کی طرح کا تعلق اور فوری اطمینان مہیا کرتی ہے۔ لیکن ایسی اقسام جتنی بھی اہم ہوں یہ تب تک برقرار رہتی ہیں جب تک یہ شائع شدہ مواد کی شکل میں ہوتی ہیں۔ کتاب بینی کی سہولت وقت اور جغرافیائی حدود سے بالاتر ہے۔

کتابیں دیگر اقسام کی خوشیاں بھی فراہم کرتی ہیں۔ ان کا لمس (چھونے کا احساس) آواز اور خوشبو کا لطف بے حساب ہے۔ اُنہیں سمجھنے کی خوشی اُس میں مزید اضافہ ہے۔ کتابوں کا اپنے دوستوں سے تبادلہ کرنا مزید ایک خوشی ہے۔ کتب خانے کسی بھی تہذیب کی شان وشوکت کے گواہ (آئینہ دار) ہوتے ہیں۔

Paragraph # 6

(6) It is important that we work to give every person the opportunity to enjoy books as shelters, sustenance, and roads forward. To imagine a world without books is to imagine a world without thought, feeling, compassion, history, or voice.

What role does a library play to promote the habit of book reading?

6

یہ بات اہم ہے کہ ہم ہر شخص کو موقع دینے کے لیے کام کریں تاکہ وہ کتابوں سے بطورِ پناہ گاہ، ذریعہ معاش اور ترقی کی شاہراہ سمجھ کر استفادہ کرے۔ کتابوں کے بغیر دنیا کا تصور کرنا ایک ایسی دنیا کا تصور کرنا ہے جو سوچ، جذبات، رحم دلی، تاریخ اور آواز سے عاری ہو۔

10th Class English Notes

Paragraph Translations

Unit No: 11

Great Expectations
عظیم توقعات

Words / Meanings

expectations توقعات	abroad بیرون ملک	wealthy امیر
Lonely تنہا	attempted کوشش کی	in fact درحقیقت
orphan یتیم	sentenced to death موت کی سزا سنائی	actually اصل میں
warm hearted ہمدرد		board a ship بحری جہاز پر سوار ہونا
prisoner قیدی	firm مضبوط	bye law قانونی طور پر
escaped فرار ہوا	flat مکان کی منزل پر چند کمروں کا رہائشی حصہ	fortune قسمت
recapture دوبارہ پکڑنا	famous مشہور	promised وعدہ کیا
received وصول کیا	childhood بچپن	trial آزمائش
Regularly باقاعدگی سے	took place رونما ہوئی	studied پڑھائی کی
insurance بیمہ	kindness ہمدردی	prison قید
agent تجارتی نمائندہ	brought up پرورش پائی	attempted کوشش کی
Convict مجرم جو سزا بھگت رہے ہو	taken away لے جایا گیا	career پیشہ
allowance وظیفہ	visited ملاقات کی	

Paragraph # 1

(1) The novel *Great Expectations* was written by Charles Dickens, a famous English author. The story took place in England in the nineteenth century. The main character is called Pip. We read about his life from childhood to manhood.

> Have you read any novel by Charles Dickens?

1

ناول "عظیم توقعات" انگریزی زبان کے ایک مشہور مصنف چارلس ڈکنز نے لکھا۔ یہ کہانی انیسویں صدی میں انگلستان میں تخلیق ہوئی۔ مرکزی کردار پپ کہلاتا ہے۔ ہم ان کے بچپن سے جوانی تک کے حالاتِ زندگی کے بارے میں پڑھتے ہیں۔

Paragraph # 2

(2) The story begins when Pip was a lonely orphan. He was brought up by his sister. She was very strict and hard with him. His best friend was Joe, his sister's husband. He was kind and warm-hearted. He loved Pip as if he were his own son.

> What kind of boy was Pip?

2

کہانی کا آغاز اُس وقت ہوتا ہے جب پپ ایک تنہا یتیم بچہ تھا۔ اس کی بہن نے اس کی پرورش کی۔ وہ بہت سخت گیر تھی اور اس کے ساتھ بہت سختی سے پیش آتی تھی۔ اُس کی بہن کا شوہر، جو اُس کا بہترین دوست تھا، وہ مہربان اور ہمدرد تھا۔ وہ پپ سے ایسے ہی محبت کرتا تھا گویا کہ (جیسے کہ) وہ اُس کا اپنا بیٹا ہو۔

Paragraph # 3

(3) One day, Pip gave something to eat and drink to a prisoner who had escaped from prison. The man was recaptured by soldiers and taken away. But he never forgot Pip's kindness.

3

ایک دن پپ نے ایک قیدی کو کچھ کھانے پینے کے لیے دیا جو جیل سے فرار ہو چکا تھا۔ سپاہیوں نے اسے دوبارہ گرفتار کیا اور ساتھ لے گئے۔ لیکن وہ پپ کی مہربانی کو کبھی نہ بھولا۔

Paragraph # 4

(4) Later, Pip was told that he would be given a lot of money. This was so that he could receive good education in London and become a better person.

4

بعد میں پپ کو بتایا گیا کہ اُسے بہت سارا پیسہ دیا جائے گا۔ یہ اس لیے تھا تاکہ وہ لندن میں اچھی تعلیم حاصل کر سکے اور ایک اچھا انسان بن سکے۔

Paragraph # 5

(5) In London. Pip studied hard. He received money regularly but he did not know where or who it came from. He lived in a flat with a young man who had little money but who worked for an insurance agent. They became friends. After some years, Pip was visited by the prisoner whom he had helped as a child. The man had been sent with other convicts to Australia and had become a very wealthy farmer there. In fact, he was the one that Pip's allowance came from. He wanted Pip to have the advantages of education and money although he was not a gentleman himself. Actually, he was still wanted by the police in England.

What changed Pip's life?

5

لندن میں پپ نے بہت محنت سے پڑھا۔ وہ باقاعدگی سے رقم وصول کرتا لیکن وہ یہ نہیں جانتا تھا کہ یہ رقم کہاں سے یا کس کی طرف سے آتی۔ وہ ایک نوجوان کے ساتھ ایک فلیٹ میں رہتا تھا جس کے پاس کم پیسے تھے لیکن وہ ایک بیمہ کمپنی کے نمائندے کے لئے کام کرتا تھا۔ وہ دوست بن گئے۔ چند سالوں کے بعد، وہ قیدی پپ سے ملنے آیا جس کی اس نے بچپن میں مدد کی تھی۔

اُس شخص کو دوسرے قیدیوں کے ساتھ آسٹریلیا بھیج دیا گیا اور وہاں ایک بہت دولت مند کسان بن گیا تھا۔ در حقیقت یہ وہی آدمی تھا جس کی طرف سے پپ کا وظیفہ آتا تھا۔ وہ چاہتا تھا کہ پپ تعلیم اور رقم کے فوائد حاصل کرے اگرچہ وہ خود ایک شریف انسان نہیں تھا۔ در حقیقت وہ ابھی بھی انگلستان کی پولیس کو مطلوب تھا۔

Paragraph # 6

Pip and his friend decided that London was too dangerous for the wanted man. They thought that Pip should take him abroad. As they attempted to board a ship, he was caught by the police. At his trial in court, he was sentenced to death by the judge. Before he could be hanged, he died in prison. By law, all his money belonged to the government. So Pip had to find a job to support himself. He became a clerk in his friend's office. Years later, he became part owner of the insurance firm. So, he had a successful career as a result of his own efforts and not because of the fortune that he had been promised. (6)

How did Pip become a successful business man?

6

پپ اور اُس کے دوست نے فیصلہ کیا کہ لندن مطلوب شخص کے لئے بہت خطرناک جگہ ہے۔ اُنہوں نے سوچا کہ پپ اُسے بیرون ملک لے جائے۔ جیسے ہی اُنہوں نے بحری جہاز پر سوار ہونے کی کوشش کی، پولیس نے اُسے پکڑ لیا۔ عدالت میں مقدمے کی سماعت کے دوران، اُسے جج نے موت کی سزا سنائی۔ اس سے پہلے کہ اسے پھانسی دی جاتی، وہ قید خانے میں مر گیا۔ قانونی طور پر اُس کی تمام دولت حکومت کی ملکیت تھی۔ چنانچہ پپ کو اپنے اخراجات پورے کرنے کے لیے نوکری تلاش کرنا پڑی۔ وہ اپنے دوست کے دفتر میں کلرک بن گیا۔ برسوں بعد، وہ بیمہ کمپنی کا شراکتی مالک بن گیا۔ پس اپنی کوششوں کے نتیجے میں اُس نے ایک کامیاب مستقبل حاصل کیا نہ کہ اُس دولت کی وجہ سے جس کا اُس سے وعدہ کیا گیا تھا۔

10th Class English Notes

Paragraph Translations

Unit No: 12

Population Growth and World Food Supplies

آبادی میں اضافہ اور دنیا میں خوراک کی فراہمی

Words / Meanings

population آبادی	alarming خطرناک	associate شریک
incessant مسلسل	deplete گھٹ جانا	irrigation آبپاشی
pressure دباؤ	fertile زرخیز	assist مدد کرنا
arable کاشت کے قابل	shortage کمی	supply مہیا کرنا
grow کاشت کرنا	significant اہم	acquire حاصل کرنا
continent براعظم	accelerate تیز کرنا	occurring واقعہ ہونا
biological حیاتیاتی	cost خرچ ہونا	energy توانائی
resources وسائل	improve سدھارنا	withdraw واپس لینا
vulnerable غیر محفوظ	management انتظامیہ	fertilizer کیمیائی کھاد
availability دستیابی	decrease کمی	substitute بدل
per capita فی کس	major اہم	pesticide کیڑے مار دوا
decline زوال پذیر ہونا	combine مل جانا	Technology ٹیکنالوجی
increase اضافہ کرنا	cultivation کھیتی باڑی	primarily ابتدائی طور پر
unprecedented بے مثال	massive بڑا	finite محدود
production پیداوار	consume صرف کرنا	generation نسل
aquatic پانی میں پیدا ہونے والا	region خطہ	sustain سہارا دینا
adequate کافی	individual ذاتی	Soil مٹی

essential ضروری

Paragraph # 1

(1) The alarming and incessant growth of population is causing serious economic problems in almost all continents. Great pressure is being placed on arable land, water, energy, and biological resources. As the world population grows, the food problem will become increasingly severe. The most vulnerable will be population in developing countries. The per capita availability of food grains has been declining for the past 25 years. Certainly with a quarter million people being added to the world population each day, the need for grains and all other food will reach unprecedented levels.

Below, world population and its growth trends are given.

- 10,000 years ago, 10 million people
- By 1850, population was 1 billion
- 80 more years to reach 2 billion in1930
- 45 years, it doubled again (4 billion in 1975)
- 12 years to reach 5 billion (1987)
- 6 billion in 1999
- By the year 2020, there will be 8 billion

1

آبادی میں مسلسل اور خطرناک اضافہ تقریباً تمام براعظموں میں سنگین معاشی مسائل کا باعث بن رہا ہے۔ کاشت کے قابل زمین، پانی، توانائی، اور حیاتیاتی ذرائع پر بہت زیادہ دباؤ بڑھ رہا ہے۔ جوں جوں آبادی میں اضافہ ہوگا، خوراک کا مسئلہ سنگین تر ہوتا چلا جائے گا۔ سب سے زیادہ ترقی پذیر ممالک میں آبادی غیر محفوظ ہوگی۔ فی کس اناج کی فراہمی پچھلے 25 سال سے مسلسل کم ہو رہی ہے۔ یقیناً ہر روز دنیا کی آبادی میں اڑھائی لاکھ افراد کا اضافہ ہو رہا ہے۔ اناج اور دوسری اشیائے خورد و نوش کی ضرورت اس حد تک پہنچ جائے گی جس کی پہلے مثال نہیں ملتی۔

دنیا کی آبادی اور اس میں اضافے کے رجحانات نیچے دیئے گئے ہیں۔

دس ہزار سال پہلے، ایک کروڑ لوگ

1850 تک، آبادی ایک ارب تھی

مزید 80 سال میں 1930 میں 2 ارب تک پہنچ گئی

45 سال، یہ دوبارہ دگنی ہو گئی (1975 میں 4 ارب)

12 سالوں میں 5 ارب (1987)

1999 میں 6 ارب

2020 تک، 8 ارب ہو جائے گی

Paragraph # 2

(2) There are about quarter of a million people added to the planet per day. This exponential growth is mostly happening in the developing nations.

2

ہر روز اس دنیا میں تقریباً اڑھائی لاکھ لوگوں کا اضافہ ہو جاتا ہے۔ یہ شماریاتی اضافہ زیادہ تر ترقی پذیر اقوام میں ہو رہا ہے۔

Paragraph # 3

(3) More than 99 percent of the world's food supply comes from the land, while less than 1 percent is from oceans and other aquatic habitats. The continued production of an adequate food supply is directly dependent on ample fertile land, fresh water and energy. As the human population grows, the requirements for these resources also grow. Even if these resources are never depleted, on a per capita basis they will decline significantly because they must be divided among more people. At present, fertile agricultural land is being lost at an alarming rate. The shortage of productive fertile land combined with decreasing land productivity is the major cause of current food shortages.

What does the word "depleted" mean?

3

دنیا کی خوراک کا 99 فیصد سے زیادہ زمین سے حاصل کیا جاتا ہے۔ جبکہ ایک فیصد سے کم سمندروں اور دوسرے پانی کے ذرائع سے حاصل کیا جاتا ہے۔ دنیا کو مسلسل اور مناسب مقدار میں خوراک کی فراہمی براہِ راست توانائی، تازہ پانی اور بہت زیادہ زرخیز زمینوں پر منحصر ہے۔

جب انسانی آبادی میں اضافہ ہوتا ہے توان ذرائع کی طلب میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ حتیٰ کہ اگر یہ وسائل کبھی بھی ختم نہ کیے جائیں تو فی کس کی بنیاد پر کافی حد تک کم ہو جائیں گے کیونکہ انہیں زیادہ لوگوں میں تقسیم کیا جانا ہوگا۔ موجودہ صورتحال میں زرخیز زرعی زمینوں میں خطرناک حد تک کمی واقع ہورہی ہے۔ موجودہ دور میں خوراک کی کمی کی سب سے اہم وجہ زرخیز زرعی زمین میں کمی اور زمین کی پیداواری صلاحیت کا کم ہونا ہے۔

Paragraph # 4

Water is another critical item for all crops. Massive amount of water (4) is required during the growing season for cultivation. In fact, agricultural production consumes more fresh water than any other human activity. In many countries, people are facing shortage of fresh water. Competition for water resources among individuals, regions, countries and associated human activities are already occurring with the current world population. Water resources, critical for irrigation, are under great stress as populous cities, states, and countries require and withdraw more water from rivers, lakes, and aquifers every year. A major threat to maintaining future water supplies is the continuing over-use of surface and ground water resources. (5)

> Do you also face shortage of water in your locality? Why?

4

تمام فصلوں کے لئے پانی ایک اور انتہائی اہم چیز ہے۔ فصلوں کی کاشت کے موسم کے دوران پانی کی بہت زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔ درحقیقت، کسی بھی دوسری انسانی سرگرمی کی نسبت زرعی پیداوار زیادہ مقدار میں تازہ پانی استعمال کرتی ہے۔ بہت سارے ممالک میں لوگوں کو تازہ پانی کی قلت کا سامنا ہے۔ پانی کے ذرائع کے لیے انفرادی، علاقائی اور ممالک کے درمیان مسابقت اور ایسی انسانی سرگرمیاں دنیا کی موجودہ آبادی کے ساتھ پہلے سے ہی وقوع پذیر ہونا شروع ہوگئی ہیں۔ پانی کے ذرائع جو کھیتوں کو سیراب کرنے کے لیے اہم ہیں بہت زیادہ دباؤ کا شکار ہیں کیونکہ گنجان آباد شہروں ریاستوں اور ممالک کو دریاؤں، جھیلوں اور زمینی آبی ذخائر سے ہر سال زیادہ پانی کی ضرورت ہوتی ہے اور وہ اسے نکالتے ہیں۔ مستقبل میں پانی کی ضروریات کو برقرار رکھنے کے لئے جو سب سے بڑا خطرہ لاحق ہے وہ زمین پر اور زیر زمین پانی کے ذخائر کا بے جا استعمال ہے۔

Paragraph # 5

(5) Fossil energy is another prime resource used for food production. Nearly 80 per cent of the world's fossil energy is being used by the developed countries. The intensive farming technologies of the developed countries use massive amounts of fossil energy for fertilizers, pesticides, irrigation, and for machines as a substitute for human labour. In developing countries, fossil energy has been used primarily for fertilizers and irrigation to help maintain yields rather than to reduce human labour inputs. Because fossil energy is a finite resource, its depletion accelerates as population needs for food and services escalate. Thus, cost of fuel increases everywhere.

> How is fossil energy a finite resource?

5

فوسل توانائی خوراک کی پیداوار حاصل کرنے کا ایک اور دوسرا اہم ذریعہ ہے۔ تقریباً دنیا بھر کی 80 فیصد فوسل توانائی ترقی یافتہ ممالک استعمال کرتے ہیں۔ ترقی یافتہ ممالک کی پیداوار میں اضافہ کرنے والی ٹیکنالوجی، کھادوں، کیڑے مار ادویات، آبپاشی اور انسانی محنت کے نعم البدل کے طور پر مشینوں کے لیے سب سے زیادہ فوسل توانائی کا استعمال کرتے ہیں۔

ترقی پذیر ممالک میں، فوسل توانائی کا استعمال بنیادی طور پر کھادوں اور آبپاشی کے لئے کیا جاتا ہے۔ تاکہ انسانی محنت کو کم کرنے کی بجائے پیداوار کو برقرار رکھا جائے۔ کیوں کہ فوسل توانائی ایک محدود ذریعہ ہے۔ اس لیے آبادی کی خوراک اور خدمات میں اضافے کے ساتھ اس کی کمی میں تیزی آجاتی ہے اس طرح ایندھن کی قیمت ہر جگہ بڑھ جاتی ہے۔

Paragraph # 6

(6) Certainly improved technology will assist in more effective management and use of resources, but it cannot produce an unlimited flow of those vital natural resources that are the raw materials for sustained agricultural production. For instance, fertilizers enhance the fertility of eroded soils, but humans cannot make topsoil. Indeed, fertilizers made from finite fossil fuels are presently being used to compensate for eroded topsoil. A productive and sustainable agricultural system depends on maintaining the integrity of biodiversity.

6

یقیناً زیادہ بہتر ٹیکنالوجی وسائل کے مئوثر انتظام اور استعمال میں مددگار ثابت ہو گی۔ لیکن یہ ان بیش قیمت قدرتی وسائل کو لامحدود طور پر پیدا نہیں کر سکتی جو کہ پہلے سے موجود زرعی پیداوار کے لیے خام مال کے موجودہ نظام کے لئے خام مال ہیں۔ مثال کے طور پر کھادیں کٹاؤ والی زمینوں کی زرخیزی میں اضافہ کرتی ہیں لیکن انسان زمین کی بالائی سطح نہیں بنا سکتے ہیں۔ در حقیقت محدود فوسل ایندھن سے بنائی گئی کھادیں اس وقت

کٹاؤ والی زمینوں کی بالائی سطح کی تلافی کرنے کے لئے استعمال کی جارہی ہیں۔ایک پیداواری اور مضبوط زرعی نظام کا انحصار ماحول میں حیاتیاتی تنوع کی سالمیت کو برقرار رکھنے پر ہے۔

Paragraph # 7

(7) Strategies for the future must be based on the conservation and careful management of land, water, energy, and biological resources needed for food production. Yet none of these measures will be sufficient to ensure adequate food supplies for future generations unless the growth in the human population is simultaneously curtailed. Several studies have confirmed that to maintain a relatively high standard of living throughout the world, the optimum world population should be less than 2 billion. Therefore, from now until an optimum population is achieved, strategies for the conservation of land, water, energy, and biological resources are to be implemented effectively. Maintaining a sound and productive environment all over the world is essential.

What other word you can use to replace "optimum"?

7

مستقبل کے لئے حکمت عملیوں کا انحصار لازمی طور پر زمین، پانی، توانائی اور خوراک کی پیداوار کے لیے ضروری حیاتیاتی وسائل کی بقاء اور محتاط انتظام پر ہونا چاہیے۔تاہم ان میں سے کوئی بھی اقدام مستقبل کی نسلوں کے لئے خوراک کی مناسب فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے اس وقت تک کافی نہیں ہوگا جب تک کہ انسانی آبادی میں بھی اس کے ساتھ کمی واقع نہ ہو۔بہت سے تحقیقاتی مطالعہ جات نے یہ تصدیق کی ہے کہ پوری دنیا میں نسبتاً بلند معیار زندگی کو برقرار رکھنے کے لئے دنیا کی مناسب ترین آبادی دو ارب سے کم ہونی چاہیے۔اس لیے جب تک آبادی کی مناسب ترین تعداد حاصل نہیں کی جاتی، اس وقت تک زمین، پانی، توانائی اور حیاتیاتی وسائل کو محفوظ بنانے کے لیے موثر حکمت عملیوں کا اطلاق کرنا چاہیے۔ مجموعی طور پر ایک مضبوط اور پیداواری ماحول کو برقرار رکھنا ضروری ہے۔

10th Class English Notes

Paragraph Translations

Unit No: 13

Faithfulness

وفاداری

Words / Meanings

affair ماجرا
countryman دیہاتی
Murder قتل کیا
demand مطالبہ کیا
justice عدل
crime جرم
caliph خلیفہ
defence حفاظت
Beam روشنی
guilty مجرم
nip چبانا
halted پڑاؤڈالنا
reeled لڑکھڑایا
anger غصہ
strength طاقت

subsequently نتیجتاً
surrender دستبردارہونا
confess اقرارکرنا
anxious پریشان کن
sturdy مضبوط جسم کا
Accord باہمی رضامندی کرنا
safety حفاظت
witness گواہ
sentence سزادینا
forgive معاف کرنا
save محفوظ کرنا
delay تاخیر کرنا
day of judgement قیامت کادن
trustee امین

grant عطاکرنا
goodness نیکی
surety ضمانت
address خطاب کرنا
accuser مدعی
endanger خطرے میں ڈالنا
perspire پسینہ آنا
applause تعریف
criminal مجرم
commander امیر
bystander پاس کھڑاہونے والا
faithfulness وفاداری
praise تعریف کرنا
manliness جواں مردی
chivalry بہادری

Paragraph # 1

(1) Once Hazrat Umar رضی اللہ تعالیٰ عنہ, sitting in the Masjid of the Rasool صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم, was busy in the affairs of the state. Two young men, holding a strong and sturdy countryman, appeared before him. They complained to Hazrat Umar رضی اللہ تعالیٰ عنہ that the person had murdered their old father. They demanded justice by punishing the murderer for his crime.

ایک مرتبہ حضرت عمر (رضی اللہ تعالی عنہ) مسجد نبوی ﷺ میں بیٹھے ریاست کے معاملات میں مصروف تھے۔ دو نوجوان ایک مضبوط اور طاقتور دیہاتی کو پکڑے ہوئے ان کے سامنے پیش ہوئے۔ انہوں نے حضرت عمر (رضی اللہ تعالی عنہ) سے شکایت کی کہ اس شخص نے ان کے بوڑھے باپ کو قتل کر دیا تھا۔ انہوں نے قاتل کو اس کے جرم کی سزا دے کر انصاف کا مطالبہ کیا۔

Paragraph # 2

(2) The Caliph looked at the young man and said, "You have heard the charge leveled against you. What have you to say in your defence?" The villager replied, "Commander of the Faithful, I plead guilty to the charge. I was leading my beloved camel. When I reached a garden and halted to rest, the camel nipped a few leaves off the hanging branch of a tree. The old man, on seeing this, hurled a stone at the camel with all his might. The stone caught the camel on the side of the head. It reeled and fell down dead. The camel was very dear to me. I could not control my anger, so I took the same stone that had killed my dear camel and hurled it at the old man with all my strength. The stone hit the old man on the head and subsequently killed him. At this, these two young men came to me and I surrendered myself to them".

خلیفہ نے نوجوان کو دیکھا اور کہا "تم نے اپنے پر لگائے گئے الزام کو سن لیا ہے۔ تمہیں اپنے دفاع میں کیا کہنا ہے؟" دیہاتی نے جواب دیا، "اے امیر المومنین، میں اعترافِ جرم کرتا ہوں۔ میں اپنے پیارے اُونٹ کو لے کر جا رہا تھا۔ جب میں ایک باغ میں پہنچا اور آرام کرنے کے لئے رک گیا تو

اونٹ نے ایک درخت کی لٹکتی ہوئی شاخ کے کچھ پتے کھا لیے۔ یہ دیکھتے ہی بوڑھے آدمی نے اپنی پوری طاقت سے اونٹ کو ایک پتھر مارا۔ پتھر اونٹ کے سر کے ایک طرف لگا۔ جس سے اونٹ لڑکھڑایا اور گر کر مر گیا۔

اونٹ مجھے بہت پیارا تھا۔ میں اپنے غصے پر قابو نہ رکھ سکا، پس میں نے وہی پتھر اٹھایا جس سے میرے پیارے اونٹ کو مارا گیا تھا اور پوری قوت سے بوڑھے آدمی کو دے مارا۔ پتھر بوڑھے آدمی کے سر پر لگا اور نتیجتاً وہ مر گیا۔ اس پر یہ دو نوجوان میرے پاس آئے اور میں نے خود کو ان کے حوالے کر دیا"۔

Caliph:	As you have confessed your crime, there is no need of witnesses. You are, therefore, sentenced to death.
Villager:	I accept this sentence but request you to delay the execution for three days.
Caliph :	Why do you ask for delay in the execution of the sentence?
Villager :	My father on his death left some gold for my younger brother who is too young to be told about the place where I hid it. I have buried the gold in the earth in a field and no one knows the place. If my brother, on account of my death, does not get his due share, I shall be called to account on the Day of Judgment for being dishonest. Be kind and grant me three days' time. After handing over the gold to the trustee, I will return to face death.
Caliph :	Have you anyone who can stand as surety and who will be willing to suffer death if you fail to return?
Villager :	(Looking at the people present in the court and pointing to Hazrat Abuzar Ghaffari رضی اللہ تعالیٰ عنہ) This gentleman will stand as my surety.
Caliph :	(addressing Hazrat Abuzar Ghaffari رضی اللہ تعالیٰ عنہ) Do you agree to stand as surety?

Hazrat Abuzar Ghaffari رضی اللہ تعالیٰ عنہ: I do.

Hazrat Abuzar Ghaffari رضی اللہ تعالیٰ عنہ was a highly respected Sahabi. The Caliph accepted him as the surety. Both the accusers also agreed to it, and the criminal was allowed to leave.

خلیفہ: جیسا کہ تم اپنے جرم کا اقرار کر چکے ہو اس لیے گواہوں کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ لہذا تمہیں موت کی سزا سنائی جاتی ہے"۔

دیہاتی: مجھے یہ سزا قبول ہے لیکن میری گزارش ہے کہ اس پر عمل درآمد کو تین دن کے لیے مؤخر کر دیا جائے۔

خلیفہ: تم سزا پر عمل درآمد کو موخر کرنے کے لئے کیوں کہتے ہو؟

دیہاتی: مرتے وقت میرے باپ نے کچھ سونا میرے چھوٹے بھائی کے لیے چھوڑا تھا وہ ابھی اِتنا چھوٹا ہے کہ اُسے بتایا نہیں جا سکتا تھا کہ میں نے اُسے (یعنی سونا) کہاں چھپایا تھا۔ میں نے ایک کھیت کی زمین میں سونا دبایا ہے۔ جس کے بارے میں کوئی نہیں جانتا۔ اگر میرا بھائی میری موت کی وجہ سے اپنا حصہ حاصل نہیں کرتا تو روزِ قیامت اس بددیانتی پر میری باز پُرس ہو گی۔ مہربانی کیجئے اور مجھے تین دن کا وقت عنایت کریں۔ سونا کسی بھی امین کے حوالے کرنے کے بعد میں موت کا سامنا کرنے کے لئے واپس آجاؤں گا۔

خلیفہ: کیا تمہارے پاس کوئی ایسا شخص ہے جو ضمانت دے سکے اور جو تمہارے واپس نہ آنے کی صورت میں سزا موت بھگتنے کے لئے تیار ہو؟

دیہاتی: (عدالت میں موجود لوگوں کی طرف دیکھتے ہوئے اور حضرت ابوذر غفاری (رضی اللہ تعالی عنہ) کی طرف اشارہ کرتے ہوئے) یہ شریف آدمی میرا ضامن بنے گا۔

خلیفہ: (حضرت ابوذر غفاری (رضی اللہ تعالی عنہ) سے مخاطب ہوتے ہوئے) کیا آپ رضی اللہ ضامن بننے کے لیے رضامند ہیں؟

حضرت ابوذر غفاری (رضی اللہ تعالی عنہ) جی ہاں میں رضامند ہوں۔

حضرت ابوذر غفاری (رضی اللہ تعالی عنہ)، ایک نہایت معزز صحابی تھے۔ خلیفہ نے ان کو بطورِ ضامن قبول کر لیا۔ دونوں مدعی بھی اس بات پر راضی ہو گئے اور مجرم کو جانے کی اجازت دے دی گئی۔

The third day dawned. The accusers and the surety were present at the Masjid of the Rasool صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم. They were waiting for the criminal. As time passed, Sahabah رضی اللہ تعالیٰ عنہم felt anxious for the fate of Hazrat Abuzar Ghaffari رضی اللہ تعالیٰ عنہ. When only an hour remained, both the accusers came forward and demanded from Hazrat Abuzar Ghaffari رضی اللہ تعالیٰ عنہ their man.

Hazrat Abuzar Ghaffari رضی اللہ تعالیٰ عنہ: Wait a little more. There is still time, if he does not come, I will give my life in his stead to fulfill the justice.

Caliph : In case the murderer does not return, the law will have its course.

Hearing this, the Sahabah رضی اللہ تعالیٰ عنہم became more anxious for the safety of Hazrat Abuzar Ghaffari رضی اللہ تعالیٰ عنہ and their eyes were filled with tears. Some requested the accusers to accept blood money. But they refused, saying, "Our demand is life for life."

تیسرے دن کا سورج نکلا۔ مدعی اور ضامن مسجد نبوی ﷺ میں موجود تھے۔ وہ مجرم کا انتظار کر رہے تھے۔ جوں جوں وقت گزرتا گیا صحابہ حضرت ابوذر غفاری (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے انجام کے متعلق فکر مند ہونے لگے۔ جب صرف ایک گھنٹہ رہ گیا، دونوں مدعی آگے بڑھے اور اُنہوں نے حضرت ابوذر غفاری (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے اپنے آدمی کا مطالبہ کیا۔

حضرت ابوذر غفاری (رضی اللہ تعالیٰ عنہ): کچھ دیر اور انتظار کرو، ابھی وقت ہے۔ اگر وہ واپس نہیں آتا تو میں انصاف کے لئے اس کی جگہ اپنی جان قربان کر دوں گا۔

خلیفہ: اگر قاتل واپس نہیں آتا تو قانون اپنے تقاضے پورے کرے گا۔

یہ سنتے ہی صحابہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)، حضرت ابوذر غفاری (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی سلامتی کے بارے میں مزید متفکر ہو گئے اور ان کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ بعض نے مدعیان سے خون بہا (دیت) کی رقم قبول کرنے کی درخواست کی۔ لیکن اُنھوں نے یہ کہتے ہوئے انکار کر دیا کہ "ہمارا مطالبہ جان کے بدلے جان ہے"۔

Paragraph # 7

(7) When the whole court was in a worried state of mind, the villager reached there perspiring from head to foot. As he entered, he saluted the Caliph and said, 'Allah be praised for His mercy I was able to make my uncle trustee of the gold. As you see I am right in time, do not delay the execution.'

جب تمام عدالت ایک پریشانی کی کیفیت میں تھی تو دیہاتی سر تا پاؤں پسینے میں شرابور وہاں پہنچا۔ جیسے ہی وہ داخل ہوا اس نے خلیفہ کو سلام کیا اور کہا "اللہ کے فضل سے میں اپنے چچا کو سونے کے لئے امین بنا سکا۔ جیسا کہ آپ دیکھتے ہیں کہ میں عین وقت پر پہنچا ہوں تو سزا پر عمل درآمد میں تاخیر مت کیجیے"۔

Paragraph # 8

(8) All the people present there were astonished at the honesty and faithfulness of the criminal.

وہاں موجود تمام لوگ مجرم کی ایمانداری اور وفاداری پر حیران تھے۔

Paragraph # 9

(9) *Hazrat Abuzar Ghaffari* رضی اللہ تعالیٰ عنہ: Commander of the Faithful, the man was totally a stranger to me. I had never known or seen him before. But when out of all the bystanders, he selected me as his surety I could not but agree. If he had not returned, I would have gladly laid down my life for him.

Villager: Sir, when you agreed to stand as a surety for a stranger, it would be against all rules of manliness and chivalry to endanger your life to save mine.

Accusers: (of one accord) Commander of the Faithful! We forgive him. Let him live.

حضرت ابوذر غفاری (رضی اللہ تعالی عنہ): اے امیر المومنین یہ شخص میرے لئے بالکل اجنبی تھا۔ میں اسے جانتا نہ تھا نہ کبھی اس سے ملا تھا۔ لیکن جب اس نے تمام حاضرین میں سے مجھے اپنے ضامن کے طور پر چنا تو میں رضامند ہوئے بغیر نہ رہ سکا۔ اگر وہ واپس نہ آتا تو میں اس کے لیے خوشی سے اپنی جان قربان کر دیتا۔

دیہاتی: جناب، جب آپ ایک اجنبی کے لیے ضمانت دینے پر رضامند ہو گئے تو یہ مردانگی اور جرات کے تمام اصولوں کے خلاف تھا کہ میں اپنی زندگی بچانے کے لئے آپ کی زندگی کو خطرے میں ڈال دیتا۔

مدعیان۔ (متفقہ طور پر) اے امیر المومنین ہم اُسے معاف کرتے ہیں اسے زندہ رہنے دیجئے۔

Paragraph # 10

(10) On hearing these words, the audience present in the court gave cries of joy and applause and the face of the Caliph beamed with pleasure as he said, "Young men, the blood money will be paid to you from the People's Treasury, and Allah will reward you for this goodness on the Day of Judgment."

یہ الفاظ سنتے ہی عدالت خوشی اور تحسین و آفرین کی صداؤں سے گونج اٹھی۔ خلیفہ کا چہرہ بھی خوشی سے دمک اٹھا جب اُنہوں نے کہا "اے نوجوانو، تمہیں خون بہا (دیت) کی رقم بیت المال سے ادا کی جائے گی اور اللہ تعالی تمہیں اس نیکی کے بدلے قیامت کے دن اجر دے گا۔

Paragraph # 11

(11) *Accusers:* Commander of the Faithful, we forgive him as forgiveness is divine and, therefore, we respectfully refuse to accept any blood money.

مدعیان: امیر المومنین، ہم اُسے معاف کرتے ہیں کیونکہ معاف کر دینا صفتِ الٰہی ہے اس لیے ہم نہایت ادب سے کسی قسم کی خون بہا (دیت) کی رقم لینے سے انکار کرتے ہیں۔

DIRECT AND INDIRECT NARRATION

Cases of Pronoun

Personage of Pronouns	فاعلی حالت Subjective Case	ملکیتی حالت Possessive Case	مفعولی حالت Objective Case
First Person Pronouns	I	My , Mine	Me
	We	Our, Ours	Us
Second Person Pronouns	You	Your, Yours	You
Third Person Pronouns	He	His	Him
	She	Her, hers	Her
	They	Their, Theirs	Them
	It	Its	It

Direct & Indirect Narration

کسی شخص کی بات کو دوسروں کے سامنے بیان کرنے کے دو طریقے ہیں۔

1. Direct speech 2. Indirect speech

1- بات کرنے والے کے الفاظ کو ہو بہو دہرایا جائے اس کو روایت لفظی direct speech یعنی کلام بلا واسطہ کہتے ہیں۔

2- بات کرنے والے کے الفاظ کو اس طرح اپنے الفاظ میں پیش کیا جائے کہ اصل مفہوم میں فرق نہ آئے اس کو روایت معنوی indirect speech یعنی کلام بالواسطہ کہتے ہیں۔

3- پہلی قسم ڈائریکٹ سپیچ فقرات کے دو حصے ہوتے ہیں۔

(i) commas سے باہر والے حصے کو reporting speech (رپورٹنگ سپیچ) کہا جاتا ہے۔

(ii) commas کے اندر والے حصے کو reported speech (رپورٹڈ سپیچ) کہا جاتا ہے۔

He said to me, "I am doing my work"

رپورٹنگ سپیچ (reporting speech) رپورٹڈ سپیچ (reported speech)

ڈائریکٹ سپیچ کو ان ڈائریکٹ میں تبدیل کرنے کے لئے پانچ تبدیلیاں ہوسکتی ہیں۔

1- Reporting verb کا بدلنا 2- commas کو ختم کرنا 3- pronouns اسم ضمیر کا بدلنا

4- tenses کا بدلنا 5- change of certain words مختلف الفاظ کا بدلنا

سب سے پہلے اسم ضمیر Pronoun کی تبدیلی سیکھتے ہیں۔ اس کے لئے اسم ضمیر کی حالتوں "cases" کا جاننا بھی ضروری ہے۔ جو درج ذیل ہے۔

3. Changes in the Personal Pronouns (اسم ضمیر کا بدلنا)

(i) دوسرے حصے 'رپورٹڈ سپیچ' کے تمام فرسٹ پرسنز I , me, my, mine, we, our, ours, us وغیرہ پہلے حصے 'رپورٹنگ سپیچ' کے فاعل کے مطابق بدلیں گے یعنی

1st person changes according to the subject of reporting speech.

1. **She** says to me, "**I** am a good teacher." (Direct)
   She tells me that **she** is a good teacher." (Indirect)
2. **He** says, "**I** live in Multan." (Direct)
   He says that **he** lives in Multan. (Indirect)
3. **She** says, "**I** am learning my lesson." (Direct)
   She says that **she** is learning her lesson. (Indirect)
4. **They** say, "**We** are going to school." (Direct)

They say that **they** are going to school. (Indirect)

(ii) دوسرے حصے 'رپورٹڈ سپیچ' کے تمام سیکنڈ پرسنز یعنی You, Your, Yours پہلے حصے 'رپورٹنگ سپیچ' کے مفعول کے مطابق بدلے گے یعنی

1. She says to **him**, "**You** are not a good teacher." (Direct)
   She tells **him** that **he** is not a good teacher. (Indirect)
2. I say to **him**, "**You** are a good student." (Direct)
   I tell **him** that **he** is a good student. (Indirect)
3. **They** say to us, "**We** love you all." (Direct)
   They tell us that **they** love us all. (Indirect)
4. I say to **him**, "**Your** father is a poet." (Direct)
   I tell **him** that **his** father is a poet. (Indirect)

نوٹ نمبر1۔ اگر فقرے کے پہلے حصے میں مفعول نہ ہو تو دوسرے حصے کے Second person یعنی you, your, yours وغیرہ کو تبدیل کرنے کے اصول حسب ذیل ہیں۔

(A) 2nd person کو first person یا third person میں تبدیل کر دیا جاتا ہے مثلاً

1. He says, "**You** are doing your home work." (Direct)
   He says that **I** am doing my home work. (Indirect)
2. He says, "**You** are a good boy." (Direct)
   He says that **I** am a good boy. (Indirect)

(B) اگر فقرے کے پہلے حصے کا فاعل first person ہو اور مفعول نہ دیا گیا ہو وہاں خود سے me یا us فرض کر کے اسی کے مطابق تبدیلی لائیں۔

1. He says, "**I** am doing my homework." (Direct)
   He says that **he** is doing his homework. (Indirect)
2. He says, "**You** are good students." (Direct)
   He says that **We** are good students. (Indirect)

(iii) دوسرے حصے کے تمام تھرڈ پرسنز it, its, one, one's, they, he, she, them, his, her میں کسی قسم کی کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔

1. He says to me, "**She** is a good teacher." (Direct)
   He tells me that **she** is a good teacher. (Indirect)
2. He says, "**One** should do one's duty."(Direct)
   He says that **one** should do one's duty. (Indirect)
3. He says, "**It** is a very fine day." (Direct)
   He says that **it** is a very fine day. (Indirect)
4. I say to you, "**They** are reaching soon." (Direct)
   I tell you that **they** are reaching soon. (Indirect)

(A) فرسٹ پرسن لفظ "SON" کے پہلے حرف S یعنی Subject کے مطابق بدلے گا۔ جس کا مطلب ہے۔

1st person changes according to the subject.

(B) سیکنڈ پرسن لفظ "SON" کے دوسرے حرف O یعنی Object کے مطابق بدلے گا۔ جس کا مطلب ہے۔

2nd person changes according to the object.

نوٹ:۔ ان دونوں صورتوں میں case یعنی ضمیر کی حالت نہیں بدلے گی۔

(C) تھرڈ پرسن لفظ "SON" کے تیسرے حرف N کے مطابق بدلے گا۔

"No change"

(iv) اگر دوسرے حصے میں کوئی نام آ جائے جسے خطاب کیا گیا ہو تو انڈائریکٹ میں وہ پہلے حصے کا مفعول بن جاتا ہے۔

1. **I** say, "**Ali**, you are a cheat." (Direct)
   I say to **Ali** that he is a cheat. (Indirect)
2. **He** says, "**Abid**, I am going." (Direct)
   He says to **Abid** that he is going. (Indirect)

(v) بعض اوقات یہ واضح نہیں ہوتا کہ فقرے میں You کی حالت فاعلی ہے یا مفعولی کیونکہ دونوں حالتیں ایک جیسی ہیں۔ عام پہچان یہ ہے کہ اگر You فعل سے قبل ہو تو فاعلی حالت اور اگر فعل کے بعد تو مفعولی حالت ہوگی۔

1.	You will write a letter.	You کی فاعلی حالت ہے۔
2.	I shall help you.	You کی مفعولی حالت ہے۔

EXERCISE NO. 1

1. He says to me, "I have locked your gate."
2. You say to him, "You have solved my problem".
3. They say to us, "We are reading your books."
4. She says to him, "You are my brother."
5. I say, "Ali, you have done well."
6. They say to their leader, "You are abusing us."
7. She says to you, "She is quarrelling with my brother."
8. You say to me, "You did not take tea."
9. We say to him, "You are misusing your father's money".
10. We say to them, "You are our teacher."
11. Ali says, "One should respect one's elders."
12. He says, "It is raining heavily."
13. Ali says, "Tahir, I am going."
14. They say to us, "We are your neighbours."
15. I say, "He has done his duty."

4. *Change In Tenses* (زمانہ کی تبدیلی)

اصول نمبر1۔ اگر رپورٹنگ سپیچ یعنی فقرے کے پہلے حصے میں حال مطلق Present Indefinite یا مستقبل مطلق Future Indefinite استعمال کیا گیا ہو تو انڈائریکٹ میں تبدیل کرتے وقت فقرے کے دوسرے حصے یعنی (رپورٹڈ سپیچ) کے Tense میں کوئی تبدیلی نہیں کی جاتی، البتہ اسم ضمیر پہلے بتلائے گئے اصولوں کے مطابق تبدیل کیے جاتے ہیں۔ مثلاً

1. He says, "I go to school." (Direct)
   He says that he goes to school. (Indirect)
2. He will say, "I went to school." (Direct)
   He will say that he went to school. (Indirect)

اصول نمبر2۔ اگر پہلا حصہ (رپورٹنگ سپیچ) ماضی میں ہو اور دوسرے حصے (رپورٹڈ سپیچ) میں کوئی عالمگیر سچائی، حقیقت یا رسم و رواج پایا جائے تو پھر بھی دوسرے حصے کا زمانہ تبدیل نہیں ہوتا بلکہ صرف Commas ہٹا کر that لگا دیا جاتا ہے۔ مثلاً

1. He said "Honesty is the best policy." (Direct)
   He said that honesty is the best policy. (Indirect)
2. I said, "The earth is round" (Direct)
   I said that the earth is round. (Indirect)

اصول نمبر3۔ اگر پہلا حصہ ماضی ہو تو دوسرے حصے کے ماضی مطلق (Past Indefinite)(verb کی پہلی فارم) کو ماضی مطلق Past Indefinite (verb کی دوسری فارم) میں تبدیل کیا جاتا ہے۔

1. He said, "I write a letter." (Direct)
   He said that he wrote a letter. (Indirect)

اصول نمبر4۔ اگر پہلا حصہ ماضی ہو تو دوسرے حصے کے ماضی مطلق (Past Indefinite) (verb کی دوسری فارم) کو ماضی مکمل Past Perfect (verb کی تیسری فارم) سے پہلے had میں بدل جاتا ہے۔ مثلاً

1. He said, "I wrote a letter."(Direct)
   He said that he had written a letter. (Indirect)

اصول نمبر5۔ باقی تمام فقروں کو جن میں verb کی فارم سے پہلے امدادی فعل استعمال کیا گیا ہو ڈائریکٹ سپیچ سے انڈائریکٹ سپیچ میں تبدیل کرنے کیلئے صرف امدادی فعل تبدیل کرنا پڑتا ہے۔ بشرطیکہ ڈائریکٹ سپیچ کا پہلا حصہ (رپورٹنگ سپیچ) ماضی میں ہو۔ مثلاً

Change in Tenses

	From	To
1.	Is, am, are	Was, were
2.	Was, Were	Had been
3.	Will, shall	Would
4.	Can	Could
5.	May	Might
6.	Has, Have	Had
7.	Do, Does,	Did
8.	Did	Had + past participle (3rd form of verb)
9.	Root form of Verb (1st verb)	Participle (2nd form of verb)
10.	Participle (2nd verb)	Had + past participle (3rd form of verb)

Change in certain Words

	From	To
1.	This	That
2.	Now	Then
3.	Here	There
4.	Thus	So
5.	Today	That day
6.	Tomorrow	The next day
7.	Yesterday	The day before / The previous day
8.	Last Night	The night before / Previous night
9.	Ago	Before
10.	Tonight	That night

1- **all right, hello, well, yes, no** وغیرہ کو ختم کر دیا جاتا ہے۔

2- good morning, good afternoon, good noon یا good evening کو ختم کر دیا جاتا ہے۔ اور said کی جگہ greeted لکھا جاتا ہے اور greeted کے فوراً بعد مفعول (جس کو سلام کیا گیا ہو اس کا نام) لکھا جاتا ہے مثلاً

He said, "Uncle, good morning." (Direct)
He greeted his uncle. (Indirect)

3- Good bye, Good night اور Farewell تبدیل نہیں ہوتے ایسے فقرات میں said کے فوراً بعد good night یا good bye یا farewell لکھ دیا جاتا ہے۔ ایسے فقرات میں that استعمال نہیں ہوتا بلکہ اس کی جگہ To اور اس کے فوراً بعد اس کا نام لکھا جاتا ہے جس کو سلام یا خدا حافظ کہا گیا ہو مثلاً

She said, "Good night, mother." (Indirect)
She said good night to mother. (Indirect)

4- Sir یا Madam کو respectfully میں تبدیل کیا جاتا ہے۔

respectfully کو ہمیشہ that سے پہلے لکھا جاتا ہے چاہے Sir یا Madam فقرے کے اختتام پر ہی کیوں نہ آئے ہوں مثلاً

1. She said, "Madam, This is difficult." (Direct)
She said respectfully that that was difficult. (Indirect)

4. They said to the teacher, "These books are ours, Sir." (Direct)
They said to the teacher respectfully that those books were theirs.

5۔ ایسے الفاظ جن سے کسی شخص کو پکارا جائے یا وہ کہنے والے کے جذبات کی ترجمانی کر رہے ہوں انہیں برقرار رکھا جاتا ہے۔ مثلاً

He said, "Fool, you are wasting your time." (Direct)
He called him fool and told that he was wasting his time. (Indirect)

6۔ اگر فقرے کے پہلے حصے میں کوئی مفعول نہ ہو تو say یا said کو تبدیل نہیں کیا جاتا اگر مفعول دیا گیا ہو تو say یا said تبدیل ہوتے ہیں۔

EXERCISE NO. 2

1. He said, "I can write a letter."
2. You said, "I could write a letter."
3. He said, "I write a letter."
4. He said, "I am writing a letter."
5. You said, "I wrote a letter."
6. They said, "We have written letters."
7. He said, "I have been writing a letter."
8. You said, "We should write letters."
9. He said, "I was writing a letter."
10. He said, "I had written a letter."

EXERCISE NO. 3

1. He says, "I attend the classes."
2. I shall say, "He did not help me."
3. My mother said, "The earth revolves round the sun."
4. You said to me, "I am making tea for you."
